1

Date ______ Day M T W T F S

اسلام سے کیا مراد ہے؟ اسکی نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

start with the introduction of the question.

لغوی معنی :-

اسلام بنا ہے "سلم" سے عربی زبان میں جس چیز ملی بھی سلم آمناءُ اُسے امن و سلامتی کہتے ہیں. اسلام کا ایک دوسرا معنی ہے اطاعت و فرمانبرداری اور اسکو سپرد کرنا اور ذمے کرنا بھی کہا جاتا ہے.

اصطلاحی معنی :-

اصطلاح میں اسلام کے معنی ہیں. اللہ کی اطاعت کرتے ہوئے امن میں داخل ہوجانا. جب ہم اپنی خواہشات کو اللہ کی مرضی کے تابع کر دیں وہی اسلام ہے.

شرعی معنی :-

اپنی مرضی سے، اپنی رضامندی سے اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنا.

حضرت ابراہیمؑ نے اپنی رضامندی سے اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے اپنے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کو ذبح کرنے کا فیصلہ کیا.

"دین کے معاملے میں کوئی جبر نہیں ہے" (سورۃ البقرہ 2:256)

لکم اور مگر ارشاد فرمایا :-

لکم دینکم ولی دین (کافرون 109:06)

تمہارے لیے تمہارا دین اور ہمارے لیے ہمارا دین ہے"

تعارف اسلام (حمید اللہ)

اسلام ایک توحید پرست دین ہے جو حضرت محمدؐ کے ذریعے ہمیں ملا ہے. ایک خدا کا تصور ہو لیکن اسکا پیغام ہمیں حضرت محمدؐ کے ذریعے ملے اسکا نام اسلام ہے.

add more description and details in this part.

Scanned with CamScanner

Date ______ Day M T W T F S

اسلام کی نمایاں خصوصیات :-

۱- توحید

توحید اسلام میں مرکزی حیثیت کی حامل ہے کلمہ کا پہلا بنیادی حصہ بھی توحید ہے. دین اسلام پورے کا پورا توحید کے گرد ہی گھومتا ہے. علامہ شبلی نعمانی اپنی کتاب (سیرت النبی) میں لکھتے ہیں.

"توحید اسلام کا پہلا مضمون ہے"

اسلام ایک قلعے کی طرح ہے اور اس قلعے کا دروازہ توحید ہے. (حدیث)

توحید اسلام کے تمام ارکان میں سے پہلا بنیادی رکن ہے. تمام عقائد، عبادات اور رواج اور نظام ایک اللہ کی وحدانیت پر مبنی ہیں.

۲- رسول ﷺ پر ایمان لانا :

توحید کے بعد دوسرا بنیادی پہلو حضرت محمد ﷺ پر ایمان لانا اور انہیں خاتم النبیین ماننا ضروری ہے. کلمہ کا دوسرا حصہ (محمد ﷺ پر ایمان لانا (33:40).

جب ہم ختم نبوت پر ایمان لے آتے ہیں تو سنت نبوی پر بھی عمل کرتے ہیں.

حضرت محمد ﷺ تم میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں اور آپ ﷺ خاتم النبیین ہیں. (سورۃ الاحزاب 33:40)

آپ ﷺ کی سنت پر عمل کر کے ہم زندگی گزارنے کے اصول سیکھتے ہیں.

"بے شک مجھے انسانیت کیلئے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے"

Scanned with CamScanner

Date ________ Day M T W T F S

پیغمبر صرف وہی بات سکھاتا ہے جسکا اسکو حکم دیا جاتا ہے۔ وہ خود سے کوئی بات نہیں کرتا۔

(النجم 53: 3-4)

دنیا اور آخرت کی فلاح پانے کیلئے آپ کی سنت پر عمل کرنا ضروری ہے۔

3- اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے:-

اسلام ہمیں زندگی کے ہر پہلو میں رہنمائی فراہم کرتا ہے چاہے وہ انفرادی زندگی ہو یا اجتماعی۔

اسلام انسان کی پیدائش سے لے کر اسکے مرنے ہونے تک اسکو ہدایت و رہنمائی فراہم کرتا ہے

~~اسلام ہمارے کردار کی تشکیل کرتا ہے۔~~

اسلام تعلیم کی اہمیت پر کافی زور دیتا ہے

"علم حاصل کرنا ہر مرد اور عورت پر فرض ہے" (حدیث)

اسلام ہمیں ذریعہ معاش کے طریقے بھی بتاتا ہے کہ کیسے ہم حلال طریقے سے رزق کما سکتے ہیں۔

اسلام میں حلال طریقے سے رزق کمانا بھی عبادت ہے۔

اسلام ہمیں خاندانی زندگی کے بارے میں بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ والدین اور اولاد کے حقوق و فرائض کو واضح طریقے سے بیان کرتا ہے۔

سماجی نظام (ہمسایوں کے حقوق و فرائض، رشتہ داروں کے حقوق کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے)

اسلام ہمارے کردار کی تشکیل کرتا ہے۔

سب سے پہلے اچھے اخلاق اور کردار کا مظاہرہ کرنا

Scanned with CamScanner

Day M T W T F S

4- اسلام اور انسانیت :-

اسلام ہمیں تمام لوگوں کے ساتھ محبت اور ہمدردی کا رویہ رکھنے کی تلقین کرتا ہے۔ اسلام بھائی چارہ اور برابری کی تلقین کرتا ہے۔

"اور تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں"

اسلام ہمیں برداشت اور صبر و تحمل کی تلقین کرتا ہے۔ اسلام میں انسانی مخلوق سے لے کر جانوروں کے حقوق حتی کہ ماحولیاتی تحفظ کیلئے کام کرنے کو بھی انسانیت کہا گیا ہے۔

5- آسان دین :-

اسلام ایک آسان دین ہے۔ اسکی تعلیمات میں کوئی ابہام و پیچیدگی نہیں ہے۔ اسلام میں اس بات کا اقرار ہے کہ اللہ واحد ہے اور اسکے سوا کوئی شریک نہیں۔ اسلام نے اللہ تعالیٰ کی جو صفات بیان کی ہیں ان کا موازنہ اگر یہودیت اور عیسائیت سے میں بیان کی گئی صفات الہیہ سے کریں تو اندازہ ہوجائے گا زیادہ وضاحت اور جامعیت کہاں ہیں۔

add references/examples against these arguments.

6- مکمل کتاب کا حامل دین :-

اسلام ایک مکمل کتاب کا حامل دین ہے۔ وہ کتاب جس میں کوئی شک نہیں جسکا تعارف اللہ تعالیٰ نے یوں کروایا ہے

"یہ وہ کتاب ہے جسکے کتاب الہی ہونے میں کوئی شک نہیں" (القرآن)

Scanned with CamScanner

Date ______ Day M T W T F S

7- عملی دین :-

اسلام ایک عملی دین ہے جو بیک وقت مادی اور روحانی دونوں خوبیوں کا ضامن ہے۔ دعائے رسول ﷺ ہے

"اے اللہ میں تجھ سے نفع دینے والا علم اور مقبول علم طلب کرتا ہوں"

بعض لوگوں نے یہ دیکھ کر کہ اسلام نے توکل کی تعلیم دی یہ سمجھ لیا کہ اسلام عمل کے منافی دین ہے یہ غلط فہمی اسلئے ہوئی کیونکہ توکل کے معنی نہیں سمجھے گئے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"بے شک انسان کیلئے وہی ہے جسکی اس نے کوشش کی اور وہ بے شک وہ اپنی کوشش ضرور دیکھے گا" (النجم 39-40)

ایک ان آیات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام علم اور عمل دونوں کی طرف متوجہ کرتا ہے۔

8- اخوت پر مبنی دین :-

اسلام کا ایک نمایاں پہلو اخوت ہے۔ نبی ﷺ کے فیضان صحبت سے اسلام میں داخل ہونے والوں میں جو اخوت قائم ہوئی، وہ اپنی برتر و اعلیٰ ہے۔ جسکی مثال تاریخ میں تلاش کرنا ممکن نہیں۔

بقول علامہ اقبال :-

اخوت اسکو کہتے ہیں چبھے کانٹا جو کابل میں
ہندوستان کا ہر پیر و جواں بے تاب ہو جائے

9- قومیت سے بالا تر دین :-

دنیا میں یہ چیزیں تمام مذاہب اور عقائد پر غالب ہیں

Date ______ Day M T W T F S

پر حکمران رہی ہیں لیکن اسلام ان تمام امتیازات کو
مٹا کر کمزور اور طاقتور کو ایک سطح پر کھڑا
کرتا ہے۔ اسلام ہمیں مساوات اور برابری کا
حکم دیتا ہے اور قومیت جیسے تمام امتیازات
کو پس پشت ڈال دیتا ہے۔ خطبہ حجتہ الوداع کے موقع
پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:
"کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی
پر، کسی کالے کو کسی گورے پر اور کسی گورے
کو کسی کالے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں
سوائے تقویٰ کے"
اسلام میں اگر کسی کو کوئی بلند مرتبہ ملا ہے تو
وہ صرف تقویٰ کی بنیاد پر۔ اسلام باقی تمام
امتیازات کو ختم کرتا ہے۔

-15 محبت تقسیم کرنے والا دین:
اسلام کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ محبت
تقسیم کرنے والا دین ہے۔ اسلام نے ہمیشہ محبت و
امن کا پیغام دیا ہے اور ہر قسم کے لڑائی جھگڑے
اور فساد سے منع فرمایا ہے۔ حدیث شریف میں
ہے کہ ایک عورت نے نبی ﷺ سے پوچھا تھا۔
"کیا اللہ کا پیار اپنے بندوں کے ساتھ اس پیار
سے زیادہ نہیں جو ایک ماں کو اپنے بچوں سے
ہوتا ہے"
آپ ﷺ نے فرمایا یہ بات بالکل درست ہے۔ اسی طرح ایک اور
حدیث ہے۔

Date ________ Day M T W T F S

"اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے"

اسی طرح اللہ تعالیٰ کا دین اسلام بھی ایک دوسرے کے ساتھ محبت سے رہنے کی تلقین کرتا ہے۔ اور ایک دوسرے کیلئے ہمدردی کا جذبہ رکھنے کو بھی کہتا ہے۔

11- سماجی انصاف کا حامل دین:-

اسلام کا ایک واضح پہلو یہ ہے کہ اس نے حقیقی سماجی انصاف اور حقیقی جمہوریت کے قیام کیلئے حکومت کا ایک ممتاز نظام بنایا۔ جس کے نتیجے میں سب کو آزادی ملی اور ظلم و ستم کا خاتمہ ہوا۔ اس نظام حکومت کے قوانین کو جو قومیں آج بھی اختیار کئے ہوئے ہیں سکون سے زندگی گزار رہی ہیں۔

12- عالمگیریت:-

اسلام ایک عالمی دین ہے۔ یہ کسی مخصوص ماحول تک محدود نہیں ہے۔ نہ کسی خاص نسل اور زمانے کیلئے محدود ہے۔ یہ ہر زمان و مکان کیلئے ہے اس میں رنگ، نسل اور قبیلے کی اہمیت نہیں۔ جس طرح اسلام عالمگیر دین ہے اسی طرح ختم نبوت بھی عالمگیریت کی حامل ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"اے نبی ﷺ آپ ارشاد فرمائیں! اے لوگو میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں"

Scanned with CamScanner

Date ________ Day M T W T F S

09/20

خلاصہ:

ان تمام پہلوؤں کو واضح کرتے ہوئے (سامنے) یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ اسلام کے سوا انسانیت کے پاس کوئی دوسرا راستہ نہیں۔ اسلام کی خصوصیات کو اختیار کر کے دنیا حقیقی طور پر امن اور سلامتی کے ساتھ رہ سکتی ہے۔ اسلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے آخری الہامی دین ہے اس میں کسی قسم کی علاقائیت نہیں بلکہ یہ ایک عالمگیر دین ہے

structure of the answer, no of arguments and the answer length is good.

improve the paper presentation, headings quality and the references part.

Scanned with CamScanner